تمباکو کی کاشت کاری کا حکم

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2825

تاریخ اجراء: 21 ذوالحجۃ الحرام 1445ھ / 28 جون 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

تمباکو کی کاشت کاری کا کیا حکم ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

تمباکو کی فصل کاشت کرنا فی نفسہ جائز ہے کیونکہ اس کو کھانے اور بیچنے کے ذریعے نفع حاصل کرنا جائز ہے البتہ جہاں قانونی طور پر ممانعت ہو وہاں کاشت کرنا ممنوع ہو گا کہ خود کو ذلت پر پیش کرنے سے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔

درمختار مع ردالمحتار میں ہے: "فيفهم منه حكم النبات الذي شاع في زماننا المسمى بالتتن" یعنی اس سے اس کھیتی (جڑی بوٹی) کا حکم سمجھ میں آتا ہے جو ہمارے زمانے میں ظاہر ہوئی جسے تمباکو کا نام دیا گیا ہے۔

مصنف کے قول (فيفهم منه حكم النبات) کے تحت ردالمحتار میں ہے: "وهو الإباحة على المختار" یعنی اور وہ (حکم) مختار مذہب میں اباحت ہے۔ (درمختار مع ردالمحتار، جلد 6، صفحہ 460، بیروت)

تمباکو کھانے کے جواز کے بارے میں فتاوی رضویہ میں ہے: "تمباکو کھانا، پینا اور سونگھنا سب جائز ہے جیسا کہ ہم نے رسالہ "حقۃ المرجان" میں اس کی تحقیق کی ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج 25، ص 212، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

خود کو ذلت پر پیش کرنے کے متعلق حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا ينبغي للمؤمن أن يذل نفسه" ترجمہ: مسلمان کے لیے اپنے آپ کو ذلیل کرنا جائز نہیں۔ (جامع ترمذی، کتاب الفتن، ج 2، ص 51، مطبوعہ کراچی)

کسی ملکی قانون کی خلاف ورزی کرنا ناجائز ہونے کے بارے میں امام اہل سنت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: "جرم قانونی کا مرتکب ہو کر اپنے آپ کو سزا اور ذلت کے لئے پیش کرنا شرعا بھی روا (جائز)

نہیں۔قال تعالٰی لاتلقوا بایدیکم الی التھلکۃ، وقد جاء الحدیث عنہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ینہی المومن ان یذل نفسہ"(فتاوی رضویہ،ج20،ص192،رضافاونڈیشن،لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net